**27.03.2026**

**13.50 Hrs**

**HL-OPENNING**

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں ........................ حبیب الرحمان

**Music**

---

☆ حکومت نے پیٹرول اور ڈیزل پر عائد مرکزی محصول میں فی لیٹر دس فیصد کی کمی کی ہے۔ ریاستوں کی کمرشیل LPG تخصیص میں اضافہ کرکے 70 فیصد کردیا ہے۔ اس طرح مغربی ایشیا جنگ کے دوران 140 کروڑ بھارتیوں کو، تیل کی عالمی سطح پر بڑھی ہوئی قیمتوں سے راحت ملی ہے۔

☆ مرکزی وزیرخزانہ نرملا سیتارمن نے لاک ڈاؤن کی افواہوں کو مسترد کردیاہے اور ان اطلاعات کوبے بنیاد قراردیا ہے۔

☆ مرکز نے یقین دلایا ہے کہ ملک میں کیمیاوی کھادیں بھرپور مقدار میں دستیاب ہیں۔ اُس نے کہا ہے کہ پچھلی دہائی کے دوران یوریا کی گھریلو پیداوار میں اضافہ ہوا ہے۔ دہائی کے شروع میں یہ 230 لاکھ میٹرک ٹن تھی جو اب 315 لاکھ میٹرک ٹن ہوگئی ہے۔

☆ وزیراعظم نریندر مودی آج شام ریاستوں کی تیاریوں اور منصوبوں کا جائزہ لینے کے لیے مغربی ایشیا جنگ کے بارے میں وزرائے اعلیٰ کے ساتھ بات چیت کریں گے۔

☆ امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے آبنائے ہرمز کھولنے کیلئے ایران کو دی گئی مہلت میں 6 اپریل تک کی توسیع کردی ہے۔

☆ اور، بالیندر شاہ کو نیپال کے وزیراعظم کے طورپرحلف دلایا گیا ہے۔ وہ نیپال کے سب سے کم عمر وزیراعظم بنے ہیں۔

---

**Music**

اب خبریں تفصیل سے............

**EXCISE DUTY REDUCE**

حکومت نے مقامی کھپت کیلئے پیٹرول اور ڈیزل پر مرکزی ایکسائز ڈیوٹی میں فی لیٹر دس-دس روپے کی کمی کر دی ہے۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں مرکزی وزیرخزانہ نرملا سیتا رمن نے بتایا کہ یہ فیصلہ مغربی ایشیا کے بحران کے پیش نظر کیا گیا

ہے۔ وزیرخزانہ کا کہنا تھا کہ اس اقدام سے صارفین کو قیمتوں میں اضافے سے تحفظ ملے گا۔ انہوں نے مزید بتایا کہ ڈیزل کی برآمدات پر 21 اعشاریہ 5 روپے فی لیٹر اور ہوائی جہاز کے ایندھن پر 29 اعشاریہ 5 روپے فی لیٹر ڈیوٹی عائد کر دی گئی ہے، تاکہ ملکی سطح پر اِن مصنوعات کی وافر دستیابی کو یقینی بنایا جا سکے۔ وزیرخزانہ نے اس بات پر زور دیا کہ وزیر اعظم نریندر مودی کی قیادت میں حکومت نے ہمیشہ اس بات کو یقینی بنایا ہے کہ شہریوں کو ضروری اشیاء کی فراہمی میں اُتار چڑھاؤ اور قیمتوں کے بوجھ سے محفوظ رکھا جائے۔×

## GOVT-LPG ALLOCATION

مرکزی حکومت نے ریاستوں کیلئے کمرشیل LPG میں 70 فیصد کا اضافہ کرنے کا فیصلہ کیا ہے، جبکہ اسٹیل، آٹو موبائل، ٹیکسٹائل اور مزدوروں سے جڑی دیگر صنعتوں کو 20 فیصد تک LPG الاٹمنٹ کی ہے۔

ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں، اس کا اعلان کرتے ہوئے پیٹرولیم اور قدرتی گیس کے مرکزی وزیر ہردیپ سنگھ پوری نے کہا ہے کہ اس اقدام کا مقصد کمرشیل LPG کی سپلائی کو آسان بنانا ہے, انہوں نے مزید کہا ہے کہ ترجیح اُن صنعتوں کو دی جائے گی، جہاں پائپ والی گیس ایک متبادل نہیں ہے۔ وزیر موصوف نے اس بات پر زور دیا کہ دنیا کے باقی حصوں میں ایندھن کو بچانے کیلئے سخت اقدامات کئے گئے ہیں۔ ان اقدامات میں Odd-Even، کام کیلئے اسکول اور دفاتر بند کرنے کیلئے 4 دن کا ہفتہ شامل ہیں۔ دنیا کے ان ملکوں میں ایندھن کی قیمتوں میں 20 سے 30 فیصد کا اضافہ کیا جارہا ہے، جبکہ بھارت ایک ایسا ملک ہے، جہاں توانائی کم خرچ پر سب کیلئے یقینی طور پر دستیاب ہے۔×

## PURI LOCKDWN RUMOUR

پٹرولیم اور قدرتی گیس کے مرکزی وزیر ہردیپ سنگھ پوری نے آج وضاحت کی ہے کہ بھارت میں لاک ڈاؤن لگانے کی افواہیں پوری طرح بے بنیاد ہیں اور حکومت کی طرف سے اِس طرح کی کوئی تجویز زیرِغور نہیں ہے۔

ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں جناب پوری نے کہا کہ اِس وقت عالمی صورتحال غیریقینی بنی ہوئی ہے۔ حکومت بروقت بنیاد پر، توانائی، سپلائی چینس اور لازمی اشیاء کے سلسلے میں قریبی نگاہ رکھے ہوئے ہے۔ اُنہوں نے یقین دلایا کہ شہریوں کیلئے ایندھن، توانائی اور دیگر اہم اشیاء کی سپلائی کی بلارکاوٹ فراہمی کو یقینی بنانے کیلئے سبھی ضروری اقدامات کررہی ہے۔ اُنہوں نے زور دیتے ہوئے کہا کہ بھارت مجوزہ اُبھرتے ہوئے چیلنجوں سے نمٹنے کیلئے پوری طرح تیار ہے۔ اسی دوران مرکزی وزیرخزانہ نرملا سیتارمن نے بھی اِن رپورٹوں کو مسترد کردیا ہے، جس میں کہا گیا ہے کہ حکومت لاک ڈاؤن جیسے اقدامات پر غور کرسکتی ہے۔ وزیرخزانہ نے اِس طرح کی رپورٹوں کو بے بنیاد قرار دیا اور کہا کہ لاک ڈاؤن لگانے جیسے اقدام پر کسی بھی طرح غور نہیں کیا جارہا ہے۔×

**FM-FUEL PRICE**

وزیر خزانہ نرملا سیتارمن نے آج کہا ہے کہ حکومت اِس بات کو یقینی بنارہی ہے کہ پیٹرول، ڈیزل اور ہوائی جہاز کے ایندھن کی قیمتوں میں اضافہ نہ ہو۔ نئی دلّی میں میڈیا کے افراد سے بات کرتے ہوئے محترمہ سیتارمن نے کہا کہ مغربی ایشیاء میں جنگ کی صورتحال کو ذہن میں رکھتے ہوئے وزیراعظم نریندر مودی نے میٹنگ کی، جس میں یہ فیصلہ کیا گیا کہ پیٹرول، ڈیزل اور ہوائی جہاز کے ایندھن کی قلت نہیں ہونی چاہئے اور عالمی صورتحال کے پیش نظر اُن کی قیمتوں میں اضافہ نہیں ہونا چاہئے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت نے پیٹرول اور ڈیزل پر ایکسائز ڈیوٹی میں کمی کی ہے اور تیل مارکیٹنگ کمپنیوں کو تعاون دینے کا فیصلہ کیا ہے، تاکہ وہ ایندھن درآمد کرسکیں اور عام لوگوں کو قیمتوں میں اضافے کا سامنا نہ کرنا پڑے۔×

**SHAH EXCISE DUTY**

مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ نے کہا ہے کہ جب دنیا مغربی ایشیا کے بحران کی وجہ سے ایندھن کی قلت کے دور سے گزر رہی ہے، جس کی وجہ سے عالمی سطح پر، اشیاء کی قیمتوں میں اضافہ ہورہا ہے، تو ایسے وقت میں ایندھن پر محصول کم کرنے کے حکومت کے فیصلے سے، شہریوں کو راحت ملی ہے، جس کی کافی ضرورت تھی۔

جناب شاہ نے ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں خاص طور پر کہا کہ بہت سے ملکوں نے اپنے یہاں ڈیزل اور پٹرول کی قیمتوں میں اضافہ کردیا ہے۔ نریندر مودی حکومت کے محصول میں کمی کرنے کے فیصلے سے، اِس کی، عوام پر مرکوز حکمرانی اور حساسیت پر مبنی فیصلوں کی اہمیت کا اظہار ہوتا ہے۔×

**VAISHNAW EXCISE DUTY**

اطلاعات ونشریات کے مرکزی وزیر اشونی ویشنو نے کہا ہے کہ حکومت نے عالمی بحران کے دوران اپنے عوام کو راحت دینے کیلئے مالی خسارے کو برداشت کیا ہے۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں وزیر موصوف نے پٹرول اور ڈیزل پر عائد محصول میں فی لیٹر دس-دس روپے کم کرنے کے حکومت کے فیصلے کو سراہا۔ جناب ویشنو نے مزید کہا کہ عالمی سطح پر خام تیل کی قیمتوں میں اضافہ ہورہا ہے، لہٰذا کئی ملکوں نے اِس بوجھ کو شہریوں پر ڈال دیا تھا، لیکن بھارت نے اپنے غریب اور اوسط آمدنی والے کنبوں کے تحفظ کا طریقہ اپنایا۔×

**RIJIJU EXCISE DUTY**

پارلیمانی امور کے مرکزی وزیر کرن رجیجو نے آج کہا ہے کہ وزیر اعظم نریندر مودی کی اصل توجہ اِس بات کو یقینی بنانے پر ہے کہ عام بھارتی شہری کو روزمرہ کی زندگی میں مشکلات کا سامنا نہ کرنا پڑے۔

پارلیمنٹ کے احاطے میں میڈیا سے باتیں کرتے ہوئے جناب رجیجو نے پٹرول اور ڈیزل پر عائد محصول میں کمی کرنے کے قدم کو بے مثال بتایا۔ اُنہوں نے کہا کہ ارکانِ پارلیمنٹ سے بھی امید کی جاتی ہے کہ وہ عوام کے نمائندگان کے طور پر وزیراعظم کے اِس قدم کا خیرمقدم اور شکریہ ادا کریں گے۔

**1400 SI Kiraen Rijiju**

**LS-FERTILIZER**

حکومت نے کہا ہے کہ ملک میں یوریا کی گھریلو پیداوار میں پچھلی دہائی کے دوران خاطرخواہ اضافہ ہوا ہے۔ پہلے یہ پیداوار 230 لاکھ میٹرک ٹن تھی، جبکہ اب یہ پیداوار 315 لاکھ میٹرک ٹن ہوگئی ہے۔

آج لوک سبھا میں وقفۂ سوالات کے دوران ضمنی سوالوں کا جواب دیتے ہوئے کیمیاوی ماڈّوں اور کیمیاوی کھادوں کے مرکزی وزیر جے پی نڈا نے کہا کہ اِس پیداوار میں اضافے کیلئے، 2014 سے اب تک مختلف جگہوں پر کیمیاوی کھادوں کے بہت سے نئے پلانٹس قائم کئے گئے ہیں، جن میں گورکھپور، سِندری، برونی، راما گنڈم اور پانا گڑھ شامل ہیں۔

اُنہوں نے کہاکہ بھارت، اُردن، مراقش، سعودی عرب اور Oman جیسے مختلف ملکوں کے ساتھ طویل مدتی معاہدے کرکے کیمیاوی کھادوں کی اپنی سپلائی چین کو مستحکم کررہا ہے، تاکہ درآمدات پر انحصار میں کمی لائی جاسکے۔ وزیر موصوف نے کہا کہ ملک میں خریف کی فصل کیلئے کیمیاوی کھادیں بھرپور مقدار میں موجود ہیں اور کسانوں کو گھبرانے کی ضرورت نہیں ہے۔

**JP Nadda Pretilizer 33 Secs Urdu**

جناب نڈا نے کہا کہ حکومت نے یوریا کے ایک متوازن استعمال اور درآمدات پر انحصار میں کمی لانے کیلئے بہت سے اقدامات کئے ہیں۔×

**PM-MEETING**

وزیراعظم نریندر مودی مغربی ایشیا محاذ آرائی کے تناظر میں آج شام سبھی ریاستوں کے وزراءِ اعلیٰ کے ساتھ ویڈیو کانفرنسنگ کے ذریعے گفتگو کریں گے۔ اِس میں اِن ریاستوں کی تیاریوں اور منصوبوں کا جائزہ لیا جائے گا۔ اِس میٹنگ میں ٹیم انڈیا کے جذبے کے ساتھ کوششوں میں تال میل قائم رکھنے پر توجہ مرکوز کی جائے گی۔ البتہ آج کی اِس میٹنگ میں اُن ریاستوں کے وزراءِ اعلیٰ شامل نہیں ہوں گے، جہاں اسمبلی انتخابات ہونے والے ہیں، کیونکہ وہاں مثالی ضابطۂ عمل نافذ ہے۔

اِس سے پہلے وزیر اعظم مودی نے مغربی ایشیا میں جاری جنگ پر پارلیمنٹ کے دونوں ایوانوں میں ایک بیان دیا تھا اور اِس معاملے پر بھارت کے موقف کی وضاحت کی تھی۔ اُنہوں نے کہا تھا کہ حکومت، پٹرول، ڈیزل، تیل، گیس اور کھادوں کی بلارکاوٹ سپلائی کو یقینی بنارہی ہے۔ اُنہوں نے ایوان کو مطلع کیا کہ بھارت نے گزشتہ گیارہ سال کے عرصے میں 27 ملکوں

کے بجائے 41 ملکوں سے اپنی توانائی کے وسائل کی درآمدات کو بڑھایا ہے۔ اِس سے کسی واحد خطے پر انحصار کم ہوا ہے۔x

**TRUMP HORMUZ DEADLINE**

امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے آبنائے ہرمز کو کھولنے کیلئے ایران کے واسطے وقت کی حد 6 اپریل تک بڑھادی ہے۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ پر صدر ٹرمپ نے کہا کہ وہ ایران کے توانائی کے پلانٹس پر بمباری کو موقوف رکھیں گے۔

اِدھر مزید ہزاروں امریکی فوجی خطے کے قریب پہنچ گئے ہیں۔ اسی دوران اسرائیل نے ایران کی پشت پناہی والے حزب اللہ گروپ سے مقابلہ کرنے کیلئے اپنے مزید فوجیوں کو جنوبی لبنان میں اتارا ہے۔ اسرائیل میں ایران کی طرف سے داغے گئے میزائلوں سے ہوشیار رہنے کیلئے سائرن بجائے گئے۔ خلیج کے ممالک، میزائلوں کو بیچ میں ہی مار گرانے کیلئے کارروائی کر رہے ہیں۔ اُدھر ایران کی راجدھانی تہران اور دیگر شہروں میں شدید حملے کیے جانے کی اطلاع ملی ہے۔ ایران نے اہمیت کی حامل آبنائے ہرمز پر اپنی گرفت اور مضبوط کرلی ہے۔x

**NEPAL-PM**

بالیندر شاہ نے، جو راشٹریہ سوتنتر پارٹی RSP کے، پارلیمانی پارٹی کے رہنما ہیں، آج نیپال کے جمہوری طور پر چنے گئے وزیراعظم کے عہدے کا حلف لیا ہے۔ 35 سالہ بالیندر کو شیتل نواس میں صدر کے دفتر میں، صدر رام چندر Paudel نے عہدے اور رازداری کا حلف دلایا۔ کل RSP نے، جسے حال ہی میں کرائے گئے پارلیمانی انتخابات میں تقریباً دو تہائی کی بھرپور اکثریت حاصل ہوئی تھی، شاہ کو اپنی پارلیمانی پارٹی کا رہنما منتخب کیا تھا، جس سے اُن کے ملک کے 47واں وزیر اعظم بننے کی راہ ہموار ہوگئی تھی۔x

**LOK SABHA GENERIC MEDISINES**

صحت اور خاندانی بہبود کی مرکزی وزیرمملکت انوپریا پٹیل نے کہا ہے کہ فی الحال بھارت سے Generic دواؤں کا تقریباً 30فیصد حصہ عالمی سطح پر سپلائی کیا جاتا ہے، جس سے عالمی سطح پر کم خرچ، حفظانِ صحت کے شعبے میں ملک کے بڑھتے ہوئے رول کا اندازہ ہوتا ہے۔ لوک سبھا میں سوالوں کے وقفے کے دوران جواب دیتے ہوئے وزیر موصوف نے کہا کہ بھارت، دنیا کیلئے، دواسازی کا ایک بڑا ملک اور Generic دواؤں کا سب سے بڑا مینوفیکچرر اور برآمدکار ہے۔ وزیر موصوف نے کہا کہ حکومت بھارت میں Generic دواؤں کے استعمال کے اضافے کیلئے لگاتار کام کررہا ہے، تاکہ عام شہریوں کے، بہت زیادہ اخراجات میں کمی لائی جاسکے۔

**1415 Anupriya Patel 23 Secs Hindi**

**PM-RAM NAVAMI**

وزیراعظم نریندر مودی نے ایودھیا میں رام جنم بھومی مندر میں بھگوان رام کی پوجا ارچنا کی اور سوریہ تلک کی تقریب میں شرکت کی۔ کل رام نومی کے موقع پر ہم وطنوں کو مبارک باد دیتے ہوئے جناب مودی نے ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں کہا کہ مریادا پرشوتم کی زندگی، قربانی اور کفایت شعاری سے لبریز ہے اور پوری قوت کے ساتھ ہر صورتحال سے نمٹنے کیلئے ایک تحریک دیتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ بھگوان رام کے نظریات نہ صرف بھارت کے عوام کی، بلکہ اَبدی زندگی تک کیلئے تمام انسانیت کی رہنمائی کرتے رہیں گے۔ وزیراعظم نے نیک تمناؤں کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ بھگوان رام کے آشیرواد سے سبھی کی بھلائی کو یقینی بنایا جاسکتا ہے، جس سے ایک ترقی یافتہ اور خودکفیل بھارت کے ملک کے عزم کو پورا کرنے کی راہ ہموار ہوسکے گی۔×

**TRUMP-PM MODI**

امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے کہا ہے کہ مستقبل میں بھارت اور امریکہ کے درمیان تعلقات اور زیادہ مستحکم ہوں گے۔ بھارت میں امریکی سفارتخانے نے اپنے سوشل میڈیا پوسٹ میں صدر ٹرمپ کے بیان کو جاری کیا ہے، جس میں جناب ٹرمپ نے کہا ہے کہ صرف وہ اور وزیراعظم نریندر مودی ہی، ایسی دو شخصیات ہیں، جو ہمیشہ اپنے وعدوں کو پورا کرتے ہیں۔×

**RAJHA SABHA-RAILWAYS**

ریلوے کے وزیر اشونی ویشنو نے کہا ہے کہ ملک بھر میں بھارتی ریلوے کی صرف صفر اعشاریہ دو ایک فیصد زمین پر غیر قانونی قبضہ ہے۔ انہوں نے اس بات پر زور دیا کہ بہت سے شہری علاقوں میں یہ ایک سنگین اور تشویش کا معاملہ رہا ہے اور اس معاملے کو انسانی ہمدردی کے نقطہ نظر سے نمٹا جارہا ہے۔ راجیہ سبھا میں وقفہ سوالات کے دوران جواب دیتے ہوئے وزیر موصوف نے کہا کہ ریلوے کی کافی زمین پہلے ہی زیر استعمال ہے یا اُس کا بہتر طریقے سے استعمال کیا جارہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ تقریباً 80 فیصد ریلوے کی زمین پر ریلوے پٹریاں بچھادی گئی ہیں، جبکہ تقریباً پانچ فیصد زمین فوری طور پر ریل پٹریوں کے ساتھ ضم کردی گئی ہیں، جسے حفاظتی پٹری کے طور پر استعمال کیا جائے گا۔×

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆